سوال

(258)کالے علم سے بچنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کالا علم واقعی موجود ہے اس کا اثر ہوتا ہے یا نہیں ،اس سے بچنے کا کیا طریقہ ہے ؟ (عبدالقادر، دیپالپور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کالا علم جادو کو کہا جاتا ہے ۔ جادو کا جزئی وعارضی اثر ہونا قرآن وحدیث سے ثابت ہے ۔ مصری جادوگروں کی پھینکی ہوئی رسیوں اورلاٹھیوں کے بارے میں موسی علیہ السلام نے یہ خیال کیا تھا کہ یہ (سانپ) دوڑرہے ہیں ۔ لہذا موسی علیہ السلام نے خوف محسوس کیا (دیکھئے سورۃ طہ :67،66 وغیرہ)

جادو سے بچنے کےلیے معوذتین ، آیت الکرسی اوردیگر مسنون دعائیں پڑھیں ۔ (شہادت ،اکتوبر 1999ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب الدعاء۔صفحہ485

محدث فتویٰ